سوال

میت کو قبر میں اتارنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مردے کو قبر میں اتارنے کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ میت کو قبر کے پاؤں کی طرف لایا جائے پھر اس کے سر کو قبر میں داخل کیا جائے۔

حارث اعور نے وصیت کی کہ سیدنا عبداللہ بن یزید خطمی رضی اللہ عنہ ان کی نماز جنازہ پڑھائیں۔ چنانچہ انہوں نے جنازہ پڑھایا' پھر انہیں قبر کی پائینتی کی طرف سے قبر میں اتارا اور فرمایا یہ سنت ہے۔ **(سنن أبي داود، الجنائز: 3211)**

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

شیخ عطاء الرحمن علوی